UNIVERSITY OF THE PUNJAB

B.S. 4 Years Program : Fifth Semester – Fall 2021

Roll No. 036995.....

Paper: Urdu Gazal Ka Fiqri o Funny Mutaila | Course Code: Urdu -302 | Time: 3 Hrs. | Marks: 60

سوال نمبر۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ ہر شعر کے پانچ نمبر ہیں۔ (۵x۶=۳۰)

۱۔ وہ صنم جب سوں بسا دیدہ حیران میں آ
آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

۲۔ وہ کب دیکھ سکتا ہے اس کی تجلی
جس انساں نے اپنا ہی جلوہ نہ دیکھا

۳۔ تھا عشق مجھ طالب دیدار ہوا میں
سو آئینہ سا صورت دیوار ہوا میں

۴۔ حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا
کیا کیا میں نے کہ اظہارِ تمنا کر دیا

۵۔ قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہر خدا آج ذکرِ یار چلے

۶۔ مصیبت کا پہاڑ آخر کسی دن کٹ ہی جائے گا
مجھے سرمار کر تیشہ سے مر جانا نہیں آتا

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔ ہر سوال کے نمبر یکساں ہیں۔ (۳x۱۰=۳۰)

۱۔ میر درد کی شاعری میں تصوف کے رنگ کے حامل اشعار پر تفصیلی نوٹ لکھیں؟

۲۔ غالب کے کلام کی فکری و فنی خصوصیات لکھیں؟

۳۔ ناصر کاظمی کی شاعری کی نمایاں صفات کیا ہیں؟

CamScanner

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

## B.S. 4 Years Program : Fifth Semester – Fall 2021

Roll No. 036995.....

Paper: Urdu Dasstan aur Naawal: Fiqri o Funny Mubahis
Course Code: Urdu-301

Time: 3 Hrs. Marks: 60

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات درکار ہیں۔ 6X5=30

i. باغ و بہار میں خواجہ سگ پرست کے کردار کا جائزہ لیجیے۔

ii. فسانہ عجائب میں لکھنوی ثقافت کے اہم عناصر کی نمائندگی کی مثالیں فراہم کیجیے۔

iii. نذیر احمد کے ناول ابن الوقت میں نوبل اور شارپ کے کرداروں کا تقابل کیجیے۔

iv. فسانہ آزاد میں حسن آرا کا کردار ایک جدید لڑکی کا ابتدائی خاکہ پیش کرتا ہے، اپنی رائے پیش کیجیے۔

v. فردوس بریں میں شرر کی منظر نگاری کا مختصر جائزہ لیجیے۔

vi. امراو جان ادا میں رسوا کا کردار پلاٹ میں کس طرح معاونت کرتا ہے، وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات کے جامع جوابات فراہم کیجیے۔ 3X10=30

i. باغ و بہار کی لسانی خوبیوں کا مثالوں کی مدد سے تجزیہ کیجیے۔

ii. فردوس بریں کردار نگاری کا عمدہ نمونہ ہے۔ کوئی سے دو کرداروں کے تجزیے سے ثابت کریں۔

iii. امراو جان ادا اردو کا پہلا مکمل ناول ہے، ناول کے فنی اجزا کے حوالے سے ثابت کریں۔

CamScanner

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

B.S. 4 Years Program : Fifth Semester – Fall 2021

Roll No. 026995

Paper: Tarikh adab urdu aur adbi tehrikaay | Course Code: Urdu -303 | Time: 3 Hrs. | Marks: 60

---

سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات درکار ہیں۔ 6X5=30

i. قطب شاہی عہد کے شعرا پہ مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

ii. غالب و مومن کے دور کی غزل کے امتیازی اوصاف کا جائزہ لیں۔

iii. ناسخ نے اردو غزل میں کیا اضافہ کیا، مختصر دلائل فراہم کیجیے۔

iv. علی گڑھ تحریک کے زیر اثر لکھے گئے ناول کا مختصر جائزہ دیجیے۔

v. رومانوی افسانے کے اہم نمائندوں کا تعارف پیش کریں۔

vi. جدید نظم کے کوئی سے دو شعرا کی نمائندہ نظموں کا تعارف پیش کریں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات کے جامع جوابات فراہم کیجیے۔ 3X10=30

i. میر و سودا کے دور نے اردو غزل کو کس طرح ثروت مند بنایا، واضح کیجیے۔

ii. علی گڑھ نے اردو نثر میں عقلیت اور ابلاغ کی اہمیت کو واضح کیا، مثالوں کی مدد سے ثابت کیجیے۔

iii. ترقی پسند تحریک کے تحت ہونے والی شاعری کا موضوعاتی جائزہ پیش کریں۔۔

CamScanner

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**B.S. 4 Years Program : Fifth Semester – Fall 2021**

Roll No. 36995

**Paper: Urdu Fikshan May Tarikhi O Tehzibi Shaur** | **Course Code: Urdu-307** | **Time: 3 Hrs.** | **Marks: 60**

---

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ (6x5=30)

۱۔ فکشن اور تاریخ کے فرق کی نشان دہی کریں۔

۲۔ نذیر احمد کے ناول توبۃ النصوح میں کس وبا کا ذکر ہے؟ اس وبا کی ناول میں کیا معنویت ہے؟

۳۔ نذیر احمد کے پانچ ناولوں کے نام تحریر کریں۔

۴۔ انتظار حسین کے پانچ افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں۔

۵۔ قرۃ العین حیدر کے ناول آگ کا دریا کا موضوع کیا ہے؟

۶۔ پریم چند کے پانچ افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔ (3x10=30)

۱۔ آگ کا دریا کے کسی ایک کردار کا تجزیہ کریں۔

۲۔ توبۃ النصوح کے کردار کلیم پر نوٹ لکھیں۔

۳۔ انتظار حسین کے افسانے آخری آدمی میں کس تہذیب کی ترجمانی کی گئی ہے؟